**06-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ شگفتہ یاسمین

---

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ BJP سرکار اپنی تیسری مدت کے پہلے 100 دن میں بدعنوانی کے خلاف اور زیادہ بڑے فیصلے کرے گی۔ جناب مودی نے کانگریس کے چناؤ منشور کو جھوٹ کا پلندا قرار دیا ہے۔

☆ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے یہ کہتے ہوئے BJP کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے کہ اُن کی پارٹی ملک میں جمہوریت اور آئین کو بچانے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔

☆ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا CPI نے اپنا چناؤ منشور جاری کر دیا ہے۔

☆ مرکزی جانچ بیورو CBI نے دلی اور ہریانہ میں نوزائدہ بچوں کی اسمگلنگ کے نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا ہے۔ تین نوزائیدہ بچوں کو بچا لیا گیا۔

☆ اور، بھارت کی انوپما اپادھیائے اور ایم ترون نے قزاخستان بین الاقوامی بیڈمنٹن چیلنج ٹورنامنٹ میں اپنے اپنے زمرے کا سنگلز ٹائٹل جیت لیا ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**PM Jaipur**

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے، کانگریس کے انتخابی منشور کو جھوٹ کا پلندا قرار دیتے ہوئے یہ اعلان کیا ہے کہ اُن کی سرکار کی تیسری مدت اب زیادہ دور نہیں ہے اور BJP سرکار پہلے 100 دنوں میں بدعنوانی کے خلاف اور زیادہ بڑے فیصلے کرے گی۔ جناب مودی راجستھان کے پشکر میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دس سال میں جو کارروائی کی گئی ہے وہ ایک Trailer ہے۔ ابھی کافی کچھ کیا جانا باقی ہے۔ جناب مودی نے کانگریس کے چناؤ منشور کو جھوٹ کا پلندا قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس کے ہر صفحے سے

ملک کے لوگوں کو بانٹنے کی بُو آتی ہے۔

S/B - 2100-PM-Puskhar

انہوں نے کہا کہ آج کی کانگریس پارٹی کے نہ تو کوئی اصول ہیں اور نہ ہی کوئی پالیسی۔ ایسا لگتا ہے کہ کانگریس نے ہر چیز کانٹریکٹ پر دے دی ہے۔ اِس طرح کی پارٹی ملک کے مفاد میں کوئی کام نہیں کر سکتی۔

کانگریس کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ یہ ایک کنبے پر مرکوز پارٹی ہے اور اِس سے بڑی بات یہ کہ یہ اُتنی ہی بدعنوان پارٹی بھی ہے۔ انہوں نے کہاکہ BJP ایک نیا بھارت تعمیر کرنے کی پابند ہے۔ اپنی گارنٹیوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ خواتین کی طاقت کی خوشی، احترام، سلامتی اور خوشحالی مودی کی گارنٹی ہے۔ ×

## PM Roadshow

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے، لوک سبھا انتخابات کے تناظر میں آج اتر پردیش کے غازی آباد میں ایک روڈ شو کیا۔ نیا گنج میں مالی واڑہ چوک سے لے کر گاندھی نگر میں چودھری موڑ تک اِس روڈ شو کا اہتمام کیا گیا۔ سڑک کے دونوں طرف موجود بڑی تعداد میں لوگوں نے پُرجوش انداز سے جناب مودی کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے جناب مودی پر پھول برسائے۔ جناب مودی نے ہاتھ ہلا کر اس کا جواب دیا۔

اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی اِس موقعے پر موجود تھے۔ BJP نے غازی آباد پارلیمانی حلقے سے اَتُل گرگ کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ وہاں اِس مہینے کی 26 تاریخ کو دوسرے مرحلے میں پولنگ ہوگی۔×

## PM Saharanpur

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ انتخابات صرف سرکار تشکیل کرنے کیلئے انتخابات نہیں ہیں بلکہ یہ انتخابات ایک ترقی یافتہ بھارت بنانے کیلئے ہیں۔ پچھلے پانچ برسوں میں بھارت دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے۔ جناب مودی نے یہ بات سہارنپور سے BJP کے امیدوار راگھولکھن پال اور پارٹی کے کیرانہ کے امیدوار پردیپ چودھری کی حمایت میں آج سہارنپور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اِس موقع پر سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی موجود تھے۔ جناب مودی نے کہا کہ پچھلے دس سالوں میں حکومت نے کسانوں کی ترقی کیلئے مسلسل کام کیا ہے۔ 'ووکل فار لوکل' کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے ایک ضلع، ایک مصنوعات اسکیم کی ستائش کی۔

انھوں نے مزید کہا کہ آپ نے ابھی تک جو کچھ بھی دیکھا ہے وہ صرف ایک ٹریلر ہے، نیز یہ کہ ترقی یافتہ بھارت کیلئے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔x

## Rajnath Campaign

وزیر دفاع اور BJP کے سرکردہ لیڈر راج ناتھ سنگھ نے ہموطنوں کو یقین دلایا ہے کہ ملک کی سرحدیں پوری

طرح محفوظ ہیں۔ مدھیہ پردیش کے Singrauli میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس کے دورِ حکومت میں، کسی نہ کسی ریاست میں دہشت گردانہ واقعات ہوتے رہتے تھے لیکن ہماری سرکار نے سختی کے ساتھ اِن واقعات کو روک دیا ہے۔

اپوزیشن کو نشانہ بناتے ہوئے جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ کانگریس اور اِس کی اتحادی پارٹیوں کے لیڈر لوگوں کو ڈراتے دھمکاتے ہیں اور اُن میں منافرت پیدا کرتے ہیں جبکہ BJP ذات و ملت، مذہب کی بنیاد پر کبھی بھی کوئی تفریق نہیں کرتی بلکہ ہم انصاف اور انسانیت کی سیاست کرتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ مدھیہ پردیش کی ڈبل انجن سرکار کا ملک کی ترقی میں اہم رول ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم جَن سَنگھ کے زمانے سے اپنے انتخابی منشور کو دیکھیں تو یہ بات اجاگر ہو جائے گی کہ BJP نے جو کچھ کہا ہے، وہ کر کے دکھایا ہے۔

ایک ملک ایک چناؤ پالیسی کی حمایت کرتے ہوئے جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ ہماری پارٹی کا یہ ماننا ہے کہ ایک ملک ایک چناؤ سے ملک مضبوط ہوگا، عوام بہتر انداز سے اپنے ووٹ کا استعمال کر سکیں گے اور یہ ارکان کی خرید و فروخت روکنے کا راستہ بھی ہے۔x

## Jaipur Congress

کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے کہا ہے کہ کانگریس، ملک میں جمہوریت اور آئین کو بچانے کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔ آج تیسرے پہر جے پور میں پارٹی کی ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، جس میں پارٹی نے اپنا منشور 'نیایہ پتر' جاری کیا، کانگریس کے صدر نے کہا کہ کانگریس نے اپنے اقتدار کے 55 سالوں میں ترقی کیلئے کام کیا، بنیادی ڈھانچے وضع کئے، آئی آئی ٹی، آئی آئی ایم جیسے ادارے قائم کئے لیکن BJP اُن ٹرینوں کو جھنڈے دکھا کر کامیابی کا سہرا اپنے سر باندھ رہی ہے، جو کانگریس سرکاروں نے شروع کئے تھے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سینئر کانگریس لیڈر اور پارٹی کی سابق صدر سونیا گاندھی نے دعویٰ کیا کہ پچھلے دس سالوں میں ملک ایک ایسی حکومت کے ہاتھوں میں ہے جس نے بے روزگاری، افراطِ زر، اقتصادی بحران اور عدم مساوات کو فروغ دینے کیلئے کوئی بھی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک صرف چند افراد کی ملکیت نہیں بلکہ اِس کا تعلق ہر کسی سے ہے۔x

## CPI Manifesto

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا CPI نے لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنا انتخابی منشور جاری کر دیا ہے۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری ڈی راجہ نے آج نئی دلی میں اسے جاری کیا۔ اپنے چناؤ منشور میں CPI نے کہا ہے کہ وہ پرانی پنشن اسکیم پوری طرح بحال کرنے، شہریت ترمیمی ایکٹ منسوخ کرنے کے لیے کام کرے گی اور پرائیویٹ سیکٹر میں ریزرویشن یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ سرکاری ملکیت کے شعبوں میں برابر کے موقعوں کو فروغ دینے کے لیے جدوجہد کرے گی۔

CPI، ایم جی نریگا کے تحت کم از کم اجرت بڑھا کر 700 روپے کرنے اور ایک کلینڈر سال میں دستیاب کام کے دنوں کی تعداد بڑھا کر 200 دن کرنے کے لیے بھی کام کرے گی۔
میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب ڈی راجہ نے کہا کہ یہ عام چناؤ ملک اور اُس کے مستقبل کے لیے بہت اہمیت کے حامل بن گئے ہیں۔ انہوں نے نریندر مودی سرکار پر اچھے دن کا وعدہ پورا نہ کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔

S/B - 2100 - D Raja - CPI

## UP Pilibhit State Profile

اترپردیش میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں آٹھ سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس مرحلے میں پیلی بھیت اہم سیٹوں میں سے ایک ہے۔ BJP نے ریاستی پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کے وزیر جتن پرساد کو اِس سیٹ پر میدان میں اتارا۔ سماجوادی پارٹی نے سابق رکن قانون ساز اسمبلی اور وزیر بھگوت سرن گنگوار کو ٹکٹ دیا ہے جبکہ بہوجن سماج پارٹی نے ایک بار پھر بلاسپور کے سابق رکن قانون ساز اسمبلی اور سابق وزیر انیس احمد خان عرف پھول بابو کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ اِن کے علاوہ دیگر سات امیدوار بھی انتخابات لڑ رہے ہیں۔
پیش ہے آکاشوانی کے نمائندے کی ایک رپورٹ............

پیلی بھیت لوک سبھا حلقے میں پانچ اسمبلی حلقے ہیں۔ اس میں پیلی بھیت کے چار اسمبلی حلقے شامل ہیں جن میں پورن پور، بسال پور، برکھیڑا اور پیلی بھیت شامل ہیں۔ بریلی ضلع کی ایک بہیڑی اسمبلی بھی اِس میں شامل ہے۔ یہاں 18 لاکھ 31 ہزار 699 رائے دہندگان 19 اپریل کو 10 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ ان میں سے 9 لاکھ 78 ہزار 577 مرد رائے دہندگان ہیں۔ خواتین رائے دہندگان کی تعداد 8 لاکھ 53 ہزار 82 ہے جبکہ 40 رائے دہندگان مخنث ہیں۔ پیلی بھیت کی نشست، BJP کی جانب سے سابق مرکزی وزیر اور اترپردیش کے موجودہ کابینہ وزیر جتن پرساد کو ٹکٹ دینے کے بعد اہمیت اختیار کر گئی ہے۔ جتن پرساد کنور جتیندر پرساد عرف بابا صاحب کے صاحبزادے ہیں جو کہ سابق وزراءِ اعظم راجیو گاندھی اور نرسمہا راؤ کے سیاسی مشیر تھے، تین بار رکن پارلیمان رہے اور کانگریس کے قومی لیڈر تھے۔ موجودہ رکن پارلیمنٹ ورون گاندھی کو ٹکٹ نہ ملنے کے بعد وہ ابھی تک پیلی بھیت نہیں آئے ہیں اور انھوں نے کسی بھی طرح سے کوئی احتجاج نہیں کیا ہے، حالانکہ اُن کے آئندہ اقدام پر ہر کسی کی نگاہ ہے۔ SP اور BSP امیدوار انتخاب کو دلچسپ بنا رہے ہیں۔ پیلی بھیت لوک سبھا سیٹ سے ایک روایت منسوب ہے کہ ضلع سے باہر سے تعلق رکھنے والے اکثر افراد ہی یہاں سے رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اِس مرتبہ میدان میں شامل دس امیدواروں میں سے، پانچ امیدواروں کا تعلق دیگر اضلاع سے ہے۔
پیلی بھیت سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو نیوز سے میں آسیہ میمونہ

## BJP Foundation Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے BJP کے 45ویں یوم تاسیس کے موقع پر، BJP کے دیگر سینئر لیڈروں امت شاہ اور پارٹی صدر جگت پرکاش نڈّا کے ساتھ پارٹی کے کارکنوں سے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے گذشتہ سالوں کے دوران پارٹی کی تعمیر کیلئے اُن کی سخت محنت، جدوجہد اور قربانیوں کیلئے اُن کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ پارٹی NDA کا ایک اٹوٹ حصہ ہونے پر فخر کرتی ہے اور اپنے اتحادیوں کے ساتھ اپنی شراکت داری کو اہمیت دیتی ہے۔ اِسی دوران، جناب شاہ نے بھی پارٹی کے کارکنوں کو، BJP کو دنیا بھر میں سب سے بڑی سیاسی پارٹی بنانے کیلئے شکریہ ادا کیا۔ جناب نڈّا نے پارٹی کو ملک گیر پیمانے پر توسیع دینے کیلئے سینئر پارٹی لیڈروں کو تعظیم پیش کی۔x

## CBI Infant Traffickers

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے نوزائیدہ بچوں کی غیرقانونی تجارت کرنے والے ایک نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا ہے جو پورے بھارت میں نوزائیدہ بچوں کی خرید وفروخت میں ملوث ہے۔ اِس کارروائی کے حصے کے طور پر CBI نے دلّی اور ہریانہ میں 7 مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں کیں۔ اِس کارروائی کے دوران صرف ڈیڑھ دن کا ایک نوزائیدہ بچہ نیز دوسرا بچہ جو صرف 15 دن کا تھا اور ایک ماہ کی ایک بچی کو بھی CBI نے بچایا ہے۔ تلاشیوں کے دوران ساڑھے پانچ لاکھ روپئے نقد سمیت بہت سی قابل اعتراض اشیاء اور دیگر دستاویزات برآمد کی گئی ہیں۔ CBI نے سات ملزمان کو گرفتار بھی کیا ہے۔ CBI نے دس ملزمان کے خلاف فوجداری کا مقدمہ درج کیا ہے۔

ان پر الزام ہے کہ نوزائیدہ بچوں کو غیرقانونی تجارت کرنے کا ایک نیٹ ورک پورے بھارت میں نوزائیدہ بچوں کی خرید وفروخت میں ملوث تھا، جس کا مقصد گود لینے کے ساتھ ساتھ دیگر غیرقانونی مقاصد کیلئے اِن بچوں کو استعمال کرنا تھا۔

## AAP BJP

عام آدمی پارٹی نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال اور پارٹی کے خلاف مبینہ طور پر غلط الزامات عائد کرنے کی بنا پر BJP کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ آج نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے پارٹی کی لیڈر اور دلی کی وزیر آتشی نے BJP پر عام آدمی پارٹی کے رہنماؤں کو پھنسانے کے لیے سرکاری مشینری کا استعمال کرنے کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کو شراب گھپلے کے کیس میں کسی طرح کی رقم کی لین دین کا کوئی ثبوت نہیں ملا ہے۔

اِدھر BJP نے عام آدمی پارٹی پر پلٹ وار کرتے ہوئے محترمہ آتشی کو فرضی داستان گو قرار دیا ہے۔ دلی BJP کے صدر ویریندر سچدیوا نے الزام لگایا ہے کہ عام آدمی پارٹی نے اقتصادی وسائل کی ضروریات پوری کرنے کی خاطر شراب پالیسی تیار کی تھی۔x

## Sisodia Custody

دلّی ہائیکورٹ نے، دلّی ایکسائز پالیسی اسکیم سے تعلق رکھنے والے ناجائز طور پر رقوم وصول کرنے کے مبینہ معاملے میں عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور دلّی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کی عدالتی تحویل کو اِس مہینے کی 18 تاریخ تک بڑھا دیا ہے۔ راؤز ایوینیو کورٹ کی خصوصی جج کاویری بویجا نے عاپ کے لیڈر کی عدالتی تحویل میں توسیع، آج اُنھیں اِس سے قبل دی گئی عدالتی تحویل کی مدت ختم ہونے پر عدالت میں پیش کرنے کے بعد کی۔ اِس معاملے میں ایک اور ملزم عاپ کے لیڈر سنجے سنگھ بھی کارروائی کیلئے عدالت میں پیش ہوئے۔ سنجے سنگھ کو حال ہی میں اِس معاملے میں سپریم کورٹ سے ضمانت ملی ہے۔ مرکزی تحقیقاتی بیورو کے ساتھ ساتھ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے عاپ لیڈروں پر ایکسائز پالیسی میں بے ضابطگیوں میں ملوث ہونے کے الزامات لگائے ہیں جس سے ریاستی خزانے کو نقصان پہنچا ہے۔x

## VP RS Oath

BJP صدر جگت پرکاش نڈا اور راجیہ سبھا کے پانچ دیگر نئے منتخب ارکان نے آج حلف لیا۔ نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں راجیہ سبھا کے ارکان کے طور پر انہیں حلف دلایا۔

اِن میں BJP کے اشوک راؤ شنکر راؤ چوان اور Chunnilal گراسیا، ترنمول کانگریس کی سشمیتا دیو اور محمد ندیم الحق نیز کانگریس کے انل کمار یادو Mandadi شامل ہیں۔x

## NIA Arrest

قومی جانچ ایجنسی NIA نے مغربی بنگال کے بھوپتی نگر دھماکے کے کیس میں سازش تیار کرنے والے دو ملزموں کو گرفتار کیا ہے۔ دسمبر 2022 میں اس واقعے میں تین افراد مارے گئے تھے۔ NIA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مشرقی مدنا پور ضلعے میں لوگوں کے بے قابو ہجوم کی سخت مزاحمت کے تناظر میں اِن ملزموں کو گرفتار کیا گیا۔

NIA ٹیم کے ایک ممبر کو معمولی زخم بھی آئے اور ایجنسی کی سرکاری گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ گرفتار کیے گئے افراد کی شناخت Balai Charan Maity اور Manobrata Jana کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ دونوں افراد دہشت پھیلانے کے لیے دیسی ساخت کے بم بنانے کی سازش میں سرگرمی کے ساتھ شامل تھے۔x

## Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں تین ماؤنواز سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں ہلاک ہوگئے۔ دونوں کے درمیان جھڑپ بیجاپور ضلع کے Usoor علاقے میں Doliguda جنگلات کے قریب ہوئی۔ یہ علاقہ چھتیس گڑھ - تلنگانہ بین ریاستی سرحد کے نزدیک ہے۔ جھڑپ کے بعد سکیورٹی کے عملے نے تین مرد ماؤنوازوں کی لاشیں دریافت کیں جن کے ساتھ جائے وقوع سے ایک لائٹ مشین گن، ایک AK-47 رائفل اور بڑی مقدار میں ہتھیار اور گولہ بارود برآمد کئے گئے۔x

## Jaishankar Laos

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے آج کہا کہ وہ 17 بھارتی ورکرس جنھیں لاؤس میں غیرمحفوظ اور غیرقانونی کام کیلئے لالچ دے کر بلایا گیا تھا، وہ اب گھر واپس آرہے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر شنکر نے لاؤس میں بھارتی سفارتخانے کی ستائش کی اور ورکروں کی محفوظ واپسی میں لاؤس حکام کی مدد کا شکریہ ادا کیا۔x

## Karnataka Sitharaman

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے بنگلورو میں پانی کی قلت کی صورتحال پر ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ آج بنگلورو میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ یہ بات قابل تشویش اور افسوسناک ہے کہ عالمی درجے کا شہر بنگلورو پینے کے پانی کے بحران سے دوچار ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ شہر میں ہیضے کی بیماری بھی پھیل رہی ہے۔ جب کبھی بھی پینے کے پانی کا بحران ہوتا ہے تو آلودہ پانی کے لوگوں تک پہنچنے کے امکانات بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ انھوں نے سرزنش کی کہ یہ افسوسناک ہے کہ بینگلورو جیسا عالمی حیثیت کا شہر، اس بحران سے دوچار ہے۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ کانگریس سرکار نے بہت سے ترقیاتی کاموں کو روک دیا ہے۔

انھوں نے کرناٹک کے وزیر اعلیٰ Siddaramaiah پر 20 ہزار کروڑ روپئے مالیت کے کاموں کو ریاست میں روکنے کا الزام لگایا جن میں پانی اور آبپاشی کے کام بھی شامل ہیں۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ جل جیون مشن کے کام بھی روک دیئے گئے ہیں جو ہر گھر میں پینے کا پانی پہنچاتے ہیں۔x

## Hockey Ind Aus Result

ہاکی میں پرتھ میں، پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں آج آسٹریلیا نے بھارت کو ایک کے مقابلے پانچ گول سے ہرا دیا۔ سیریز کا دوسرا میچ کل کھیلا جائے گا۔ ہرمن پریت سنگھ کی زیر کمان بھارتی ٹیم سیریز میں واپسی کی کوشش کرے گی۔ x

## Badminton Kazakhstan

آستانہ میں قزاخستان بین الاقوامی بیڈمنٹن چیلنج ٹورنامنٹ میں انوپما اپادھیائے نے خواتین سنگلز کا جبکہ ایم ترون نے مردوں کے سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

آج خواتین سنگلز کے فائنل میں انوپما نے بھارت کی ہی ایشا رانی بروا کو 15-21 اور 16-21 سے ہرا دیا۔

مردوں کے سنگلز فائنل میں ترون نے، آٹھویں نمبر کے کھلاڑی ملیشیا کے Soong Joo Venn کو 10-21 اور 19-21 سے شکست دی۔

البتہ مکسڈ ڈبلز میں سنجے سری واستو دھن راج اور منیشا کی جوڑی فائنل میں ملیشیا کی جوڑی سے ہار گئی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆